22897 - عورت کی جانب سے مرد کی ساتھ شادی کرنے کی خواہش ظاہر کرنے کا حکم

سوال

کیا مسلمان عورت کے لیے کسی مسلمان شخص سے یہ اظہار کرنا جائز ہے کہ وہ اسے پسند ہے اور اس سے شادی کرنا چاہتی ہے، یا کہ یہ بےشرمی اور غلط کاری شمار ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اصل میں عورت کی جانب سے اس کا اظہار کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن یہ پیشکش عورت خود اپنی زبان سے مت کرے بلکہ بہتر یہی ہے کہ یہ پیشکش اس کے ولی کی جانب سے ہو، یا پھر کوئی اور مرد کو یہ پیشکش کرے، اس کی دلیل یہ ہے کہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے ابو بکر اور عثمان رضی اللہ تعالی عنہما کو اپنی بیٹی کے ساتھ نکاح کی پیشکش کی تھی.

الشیخ ڈاکٹر خالد المشیقح